بسم اللہ الرحمن الرحیم

Wifaq-ul-Madaris-il-Arabia, Pakistan.

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

فون نمبر: 27 - 26 - 061-6514525

مرکزی دفتر: گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ ملتان

حوالہ نمبر: AM-1 1248 -1446/s

تاریخ: 10-10-1446
09-04-2025

## راسب طلبہ وطالبات کی ضمنی امتحان میں شرکت
## اور نظر ثانی کے بعد ضمنی امتحان کا داخلہ

سالانہ امتحان 1446ھ میں 34 فیصد یا اس سے زائد نمبر حاصل کرنے والوں کو ضمنی امتحان میں شرکت کی اجازت دے دی گئی ہے۔ حسب ضابطہ عالمیہ سال دوم کے راسب طلبہ وطالبات مکمل امتحان دوبارہ دیں گے جبکہ دیگر تمام درجات کے راسب طلبہ وطالبات فیل شدہ پرچوں کا امتحان دیں گے۔

نظر ثانی کے نتیجے میں جو طلبہ وطالبات ضمنی امتحان میں شرکت کے اہل ہو جائیں گے، ان کو بھی شرکت کا موقع دیا جائے گا۔

جن طلبہ وطالبات کی نظر ثانی کی درخواستیں رمضان المبارک میں دفتر وفاق کو وصول ہو گئی تھیں، ان طلبہ کا نظر ثانی کا نتیجہ 13 شوال بروز ہفتہ اور طالبات کا نتیجہ 14 شوال بروز اتوار کو ویب سائٹ پر دے دیا جائے گا۔ چنانچہ نظر ثانی کے بعد جو ضمنی امتحان کے لیے اہل ہو جائیں گے ان کے داخلے 15 شوال تک وصول کیے جائیں گے۔

بعد میں ملنے والی درخوستوں پر بھی جلد نظر ثانی کی جائے گی اور اس دوسرے مرحلے کی نظر ثانی کے نتیجے میں ضمنی امتحان کے لیے اہل ہونے والے طلبہ وطالبات کو بھی ضمنی امتحان میں شرکت کا موقع دیا جائے گا ان شاء اللہ۔

عبدالمجید
ناظم مرکزی دفتر
وفاق المدارس العربیہ پاکستان

Email:wifaqulmadaris@gmail.com UAN:061-111-122-133 Fax:061-6539485 Web:www.wifaqulmadaris.org